British Pakistani
Psychiatrists Association

BPPA

نامہ

2022

thebppa.org.uk

BPPA Chairmen 2000 to date

Dr Akmal Makhdum 2000 - 2006
Dr Hasan Jawed 2006 -2009
Dr Anjum Bashir 2009 - 2012
Dr Mateen Durrani 2012 - 2015
Dr Shahid Quraishi 2015 - 2018
Dr Qaiser Abbas Zaidi 2018 - 2021
Dr Shahid Latif 2021 to date

Chairman
BPPA

Dear BPPA members,
It is of immense pleasure that the "BPPA Nama 2022" is back with us, a tradition revived. I wish to congratulate the team led by Dr. Qaiser Zaidi and the BPPA executives who have worked to resurrect it. I invite you all to contribute towards your own BPPA Nama so that we can make it a regular feature.

Celebrating the past and looking forward to the future of BPPA with much enthusiasm.

Best wishes
Dr. Shahid Latif
Chairman BPPA

Secretary
BPPA

It was a late thought but we managed to bring out, after many years of absence, BPPA Nama 2022. I am grateful to the team and the contributers who made this possible.

Please read, enjoy and give feedback Yours very truly

Ria's Irfan
General Secretary BPPA

عرضِ مدیر

مجھے جہاں تک یاد ہے آخری بار ''بی پی پی اے نامہ'' کی صورت مجھے اُس زمانے میں نظر آئی تھی جب ڈاکٹر انجم بشیر صاحب بی پی پی اے کے چیئرمین تھے، شاید ۲۰۱۰ کی بات ہے۔ اُس کے بعد یہ خواہش تو سب کی رہی کہ بی پی پی اے نامہ ایک مرتبہ پھر منظرِ عام پر آئے مگر ایسا ممکن نہ ہو سکا۔ اس بار ۱۹ اکتوبر کو محترم ڈاکٹر رئیس عرفان صاحب نے ایک چھوٹا سا واٹس اپ میسج بھیج کر مجھ سے یہ پوچھا کہ کیا سالانہ کانفرنس تک ''بی پی پی اے نامہ'' کا اجراء ممکن ہے تو مجھے خوشی بھی ہوئی مگر وقت کی کمی کا احساس بھی ہوا۔ میں نے بہر حال اللہ کا نام لے کر حامی بھر لی۔ یہ سہرا بھی قدرت کو شاید ڈاکٹر شاہد لطیف کے سر ہی باندھنا تھا یوں اللہ کی مدد اور دوستوں کے تعاون سے ''بی پی پی اے نامہ ۲۰۲۲'' حاضرِ خدمت ہے۔ مقدور بھر کوشش کی ہے کہ اس کاوش کو علمی اور ادبی حوالے سے معتبر مقام حاصل ہو مگر یہ خیال بھی رکھا گیا ہے کہ نوجوان لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی میں کوئی کمی نہ ہو۔ اُردو مرکز لندن کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید شیخ صاحب کی کتاب ''کچھ میرے ہم نشیں'' سے ایک اقتباس مشتاق یوسفی کے حوالے سے اور ناصر کاظمی صاحب کے فرزند باصر سلطان کاظمی ایم بی ای کے قلم سے نکلی ہوئی ایک تحریر اور ان کی ایک غزل اس شمارے کی زینت ہے۔ اس مختصر وقت میں جو ممکن ہو سکا وہ آپ کے سامنے ہے۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف
ڈاکٹر قیصر عباس زیدی

فہرست

1 مشتاق احمد یوسفی 03
تحریر ڈاکٹر جاوید شیخ

2 ناصر کاظمی کا مثالی معاشرہ 09
تحریر ۔ باصر سلطان کاظمی

3 ٹیپو سلطان کے پانچ خواب 13
تحریر (مترجم محمد اکمل مخدوم)

4 خودکشی 16
ذہنی امراض اور دفعہ 335 میں ترمیم
چند گذارشات۔ تحریر ڈاکٹر افتخار احمد

5 غزل باصر سلطان کاظمی 21

6 غزل 22
ڈاکٹر قیصر عباس زیدی

7 اقبال کے نام 23
ڈاکٹر قیصر عباس زیدی

8 غزلیات ڈاکٹر اکمل مخدوم 24

9 غزل ڈاکٹر مقصود احمد 26

10 سوچاں ڈاکٹر مقصود احمد 27

11 نثری نظم ڈاکٹر سعدیہ محمد 28

12 شاعرانہ اظہار خیال ڈاکٹر سعدیہ محمد 29

13 Time to go back to the couch. 30
by Professor Tanveer Rana

14 اسلامی نظام حکومت 39
از مولانا ابو العلی مودودی
تنقیدی مکالمہ از محمد اکمل مخدوم

محترم یوسفی صاحب

تحریر ڈاکٹر جاوید شیخ

انسانی رشتے بھی عجیب ہوتے ہیں ۔ کوئی بات مشترک نہ ہونے کے باوجود آپ ایک دوسرے سے ایسے بندھ جاتے ہیں جیسے دل سے دھڑکن ۔ یوسفی صاحب بھی ایک ایسی ہی شخصیت تھے جن سے تعظیم ومحبت افتخار وشفقت کا ایسا بندھن بندھا جو میرے مرتے دم تک اٹوٹ رہے گا۔
موصوف میں اتنی خوبیاں تھیں کہ میں ان کا شمار کروں تو کر نہ پاؤں ۔

پہلی دفعہ افتخار بھائی (افتخار عارف صاحب میرے اصرار پر مجھے لے کر یوسفی صاحب کے گھر گئے ۔ یہ 1980ء کی دہائی کی بات ہے۔ St. John's Wood کے علاقے میں ان کا ایک شاندار فلیٹ تھا جو لارڈز کرکٹ گراؤنڈ کے بالکل قریب ہے ۔ایک چھوٹے سے کمرے میں جہاں یوسفی صاحب زیادہ تر وقت گزارتے تھے ہمیں بٹھا دیا گیا۔ اس میں کتابیں بجری ہوئی تھیں ۔ یہ یوسفی صاحب کی Study یا لائبریری تھی ۔ شیلفوں میں سلیقے سے کتابیں چنی گئی تھی ۔ زیادہ تر کتابیں انگریزی میں تھیں ۔ چند انگریزی شاعری پر بھی تھیں ۔ان کتابوں سے یوسفی صاحب کے ذوق وشوق کا اندازہ ہوتا تھا۔ میز پر سلیقے سے کاغذ رکھے ہوئے تھے قلم پنسل پنسل تراشنے والا آلہ اور ربر بھی تھا۔ ایک فاؤنٹین پن بھی تھا۔ یوں لگ رہا تھا کہ کوئی مضمون تحریری شکل پارہا ہے ۔

عموماً میں نے ادیب اور شاعروں کو لکھتے دیکھا ہے ۔ان کی میز کی ترتیب میری میز سے بھی بدتر ہوتی ہے مگر پہلی ہی ملاقات میں ایسا تخلیقی سلیقہ دیکھ کر میں مرعوب ہو گیا۔ اس وقت تک میں صرف چراغ تلے پڑھ پایا تھا۔ افتخار بھائی نے میرا تعارف کروایا۔ یوسفی صاحب نے بے اعتنائی سے مجھے بیٹھے کو کہا اور اس کے بعد سوا گھنٹہ افتخار بھائی اور یوسفی صاحب کی باتیں ہوتی رہیں مختلف موضوعات پر مثلاً لندن میں مختلف لوگوں کی حرکات وسکنات جن سے میں بھی واقف تھا مگر ہمت نہ پڑی کہ میں کچھ کہ سکوں ۔ یونی صاحب سے مرعوبیت کی وجہ سے میں نے دخل در معقولات نہ کیا اور صرف بیٹھا نا کیا۔ اس گفتگو میں داغ دہلوی کی شاعری اور ان کے ہم عصر لوگوں کے تاثرات پر بھی بات ہوئی ۔ داغ کے ناشائستہ طفل ہونے کا تذکرہ بھی ہوا۔ یعنی میری معلومات میں زبان سے ایک لفظ نکالے بغیر خوب اضافہ ہوا۔ مجھے حیرت اس بات پر تھی کہ یوسفی صاحب نثر کو ہونے کے باوجود شاعری کے بارے میں اس قدر جانتے ہیں ۔ مجھے یوں لگا جیسے انہوں نے ولی دکنی سے لے کر افتخار عارف تیک کو بڑی دلچسپی سے پڑھ رکھا ہے ۔ میرے پیشے میں تو کوئی اگر اسپیشلسٹ اپنے شعبے کے علاوہ کسی چیز سے واقف ہوتو اسے جھتی سمجھا جا تا ہے ۔ادب میں مطالعہ اور مشاہدہ چاہے دوسری زبانوں کا ہو، اسے بہت اہمیت دی جاتی ہے اور یوسفی صاحب اردو

کے نثر نگار تو تھے ہی مگر پھر بھی انگریزی ادب اور شاعری ان کے مطالعے میں رہتے تھے ۔ تب یہ عقدہ مجھ پر کھلا کر تخلیق کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ دوسری زبانوں میں ادیب اور شاعر اس عہد میں کیسا ادب تخلیق کر رہے ہیں ۔

یہ تھی یوسفی صاحب سے میری پہلی ملاقات ۔ بعد میں ملاقاتیں بڑھتی گئیں اور گھروں میں آنا جانا شروع ہو گیا ۔ یوسفی صاحب اگر کسی کے ہاں یا کسی تقریب میں شریک ہوتے جس میں میں بھی شامل ہوتا تھا تو یوسفی صاحب اپنے مشاہدے میں وہ چیزیں بھی لاتے جن کی مجھے خبر بھی نہ ہوتی ۔

یوسفی صاحب کا دھیما لہجہ ، پڑھنے کا مخصوص انداز اور اس انداز میں چھپی ہوئی حس مزاح ایک خاصی چیز تھی ۔ وہ گھنٹوں نہیں بولتے تھے مگر چند فقرے سب لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور محفل کو زعفران زار کرنے کے لئے کافی ہوتے اوراس کے باوجود شاید ہی کبھی ان کے چہرے پر مسکراہٹ کے آثار پیدا ہوتے ۔

یوسفی صاحب کی شخصیت میں کوئی ایسی بات ضرور تھی جوان کو دیگر لوگوں سے ممتاز کرتی تھی ۔ وہ بات کیا تھی میں اس کا تجزیہ کرنے سے تو قاصر ہوں بس اتنا کہہ سکتا ہوں کہ یوسفی صاحب کی خاموش شخصیت سے محفل بھری بھری لگی تھی ۔

چنانچہ یوسفی صاحب کراچی چلے گئے تو ہم نے بھی کراچی جانا شروع کیا۔ وہ لندن آتے تو ہمارے یہاں قیام پذیر ہوتے ۔ میں کراچی جا تا تو ان کے در دولت پر حاضری دیتا۔ لوگ محفلیں منعقد کرتے ۔ یوسفی صاحب کو دعوت دی جاتی تو وہ ضرور تشریف لاتے ۔ایسی ہی بے شمارشا میں جو یوسفی صاحب کے ساتھ گزر میں میری زندگی کی یادوں کا سرمایہ ہیں ۔

ان کا ایک فقرہ جو وہ مجھے مخاطب کر کے بار ہا ارشادفرماتے کہ
صاحب آپ کے ہاں کی صحبتیں بہت یاد آتی ہیں۔

فیض صاحب کا انتقال ہوا۔1984ء کی بات ہے ۔ دور وز میں ہی ایک بھر پور ریفرنس جناب افتخار عارف صاحب نے اندن یو نیورسٹی میں ترتیب دیا۔ یوسفی صاحب نے وہاں تقریرفرمائی کسی کے انتقال پر ایسی تعزیتی تقریر میں نے آج تک نہیں سنی ۔ سامعین آزردہ بھی ہوئے۔ قہقہے بھی بلند ہوئے لیکن کوئی ایسی بات نہ ہوئی جس سے فیض صاحب کے خاندان والوں کو اعتراض ہوتا۔ اگر وہ لوگ بھی اس تقریب میں شریک ہوتے تو یوسفی صاحب کے وارے وارے جاتے ۔ معلوم نہیں یوسفی صاحب کی

وفات کے بعد کراچی میں کوئی تقریب ہوئی یا نہیں لیکن لندن میں صوفی Sofiکی تنظیم نے ایک تقریب یوسفی صاحب کے انتقال پر ملال پر ضرور کی جو ایک کامیاب تقریب تھی ۔اخبار میں خبر شائع ہوئی تو کسی نے لکھا کہ آہ یوسفی صاحب ۔ جناب رضاعلی عابدی نے فرمایا واہ یوسفی صاحب اور میری رائے میں ”سبحان اللہ یوسفی صاحب مناسب ہے کہ ایسی بھر پور زندگی گزارنے کے بعد زبان پہ سبحان اللہ ہی سجتا ہے۔

یوسفی صاحب نے چھ آٹھ دفعہ کراچی سے لندن تک کا سفر کیا۔ ان کی بیٹی رخسانہ ایک کامیاب میڈیکل کنسلٹنٹ ہیں۔ ان کے شوہر کا تعلق بھی طب کے شعبے سے تھا۔ شومئ قسمت سے ان کے شوہر کا انتقال ہو گیا۔ وہ بھی اپنے شوہر کے ساتھ ہمارے ہاں آ چکی ہیں ۔ان کے بڑے بیٹے راشد امریکہ میں ہیں ۔ وہ بھی کئی دفعہ تشریف لائے ۔انہوں نے ’زرگزشت‘ کا انگریزی ترجمہ بھی کیا۔ محاورہ بھی تر جما یہ گیا۔ یہ خوبصورت ترجمہ تھا۔ وہ چونکہ بینکر ہیں اس لئے انہوں نے ترجمے کے لئے ’زرگزشت‘ کا ہی انتخاب کیا۔ معلوم نہیں باقی کتابوں کے تراجم ممکن ہیں یانہیں؟ میری رائے میں تو ایسی خوبصورت تحریراردو ہی میں گھپ سکتی ہے۔

میں ایک دفعہ ہندوستان کی سیاحت پر نکلا ہوا تھا۔ اپنے دوست ایڈوکیٹ خلیل الرحمن کے ساتھ علی الصباح جے پور سے اجمیر کی طرف روانہ ہوئے ۔ ایک جگہ سے گزرے تو ٹین کے بورڈ پراردو میں اس بستی کا نام لکھا ہوا تھا ۔ چاکو ۔ خلیل نے فورا گاڑی رکوائی اور بتایا کہ یوسفی صاحب کی تحریروں میں چاکسوکلاں‘اور’ چاکسوخورڈ کے نام اکثر آئے ہیں ۔ چلیے یوسفی صاحب کو فون کرتے ہیں ۔ان کے اصرار پر میں نے فون کیا۔ کراچی میں اس وقت صبح کے 6 رہے تھے ۔ یونی صاحب کو معلوم نہ تھا کہ میں ہندوستان میں ہوں ۔ خادم نے ان کوفون پر بلایا۔ میری آواز سن کر گھبرا گئے ۔ بولے ۔لندن میں رات کا ایک بجا ہے ۔ خیر بیت تو ہے ۔ میں نے عرض کیا کہ میں اس وقت چاکسو میں ہوں اور آپ مجھے یاد آرہے تھے اس لئے میں نے آپ کو فون کیا ۔ ہمارے دوست خلیل جوزندگی میں یونی صاحب سے بھی نہیں ملے انہوں نے بھی یوسفی صاحب سے بات کی اور آج تک وہ محفل میں فخر سے اس بات کا تذکرہ کرتے ہیں کہ انہوں نے یوسفی صاحب سے گفتگو کی ۔ یوسفی صاحب نے بتایا کہ وہ اپنی ایڈمنسٹریٹو ملازمت کے دوران چاکسو‘ میں فائز رہے تھے۔ خلیل نے ان سے ادب اور نثر پر بھی کچھ مختصر گفتگو کی ۔ یوسفی صاحب کی طبیعت میں جیسے بشاشت آ گئی ۔

یوسفی صاحب اپنی تحریروں کی طرز اور ان کی معنویت کے بارے میں بہت محتاط تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ وہ جو کچھ لکھتے میں اسے وہ سال بھر کے لئے پال میں ڈال کر رکھ لیتے ہیں اور سال بھر بعد پھر کھنگالتے ہیں اور اگر پھر بھی وہ ان کے معیار پر پورا اترے تو اسے اپنی تحریروں میں شامل کر لیتے ہیں۔

یوسفی صاحب دبلے پتلے تھے ۔جسمانی لحاظ سے کمزور مگر ایک باہمت اور حوصلہ مند انسان تھے۔ بینکنگ کے شعبے میں اعلی ترین عہدوں پر فائز رہے۔ ایک دفعہ جنرل ضیاء الحق نے بینکاروں کی میٹنگ بلائی ۔ یوسفی صاحب بھی مدعو تھے۔ضیاءالحق نے سب بینکاروں کو تحکمانہ لہجے میں مخاطب کیا۔ سنا ہے جب یوسفی صاحب کی بطور صدر بینکنگ کونسل باری آئی تو انہوں نے ضیاء الحق صاحب کوسب لوگوں کی موجودگی میں کھری کھری سناد میں۔ ضیاءالحق ایسے جواب کے عادی نہیں تھے مگر یوسفی صاحب کے اس برملا جواب پر بالکل خاموش رہے ۔ شاید یہی وجہ یوسفی صاحب کے BCCI میں محترم آغا حسن عابدی سے تعلق کی بنیاد بنی۔

سندھ کلب کراچی یوسفی صاحب کی پسندیدہ جگہ تھی ۔ جب بھی کراچی جانا ہوتا تو لندن ہی سے انہوں نے دو پہر یا شام کا کھانا مشفق خواجہ صاحب کی معیت میں طے کر لیا ہوتا ۔ان ملاقاتوں میں یوسفی صاحب بالکل کھل کھیلتے ۔ میرے بھائی جان بھی ہمارے ساتھ ہوتے اور ہم چاروں بے حد بے تکلفی سے شائستگی کے ساتھ خوب گفتگو کرتے ۔ میرے لئے میدو پہر یا شام خداوند تعالی کا عطیہ ہوتی ۔ بچپن کی شرارتوں سے لے کر اولاد کے مسائل یعنی ہر بات پر گفتگو ہوتی ۔ سیاست اور مذاہب پر بھی بے لاگ تبصرے ہوتے ۔اس کے باوجود محسوس نہیں ہوتا تھا کہ موضوع بھاری ہو چکا ہے ۔ یوسفی صاحب شعروں میں ایک لفظ کی تبدیلی کرتے اور نہ صرف مصرعے کے معنی بدل دیتے بلکہ واقعی کشت زعفران بنادیتے

پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ
افسوس تم کو میر سے صحبت نہیں رہی

یونٹی صاحب کا ایک اقتباس عمل مزاح اپنے لہو کی آگ میں تپ کر نکھرنے کا نام ہے ۔ لکڑی جل کر کوئلہ بن جاتی ہے اور کوئلہ راکہ لیکن اگر کوگلے کے اندر کی آگ باہر کی آگ سے تیز ہوتو پھر وہ راکھ نہیں بنتا، ہیرا بن جاتا ہے ۔

یونٹی صاحب نے ایسے سیکڑوں ہیرے تراشے کہ وہ اردوادب میں ضرب المثل بن گئے ۔ ہم جب بھی مل بیٹھتے ہیں بذلہ نجی کی تفلیں بھی ہیں اور ان محفلوں میں یوسفی صاحب کے دہرائے ہوئے مصرعے:

تم میرے پاس ہوتی ہو گویا
جب کوئی دوسری نہیں ہوتی

بدل کر مریضوں کا ہم بھیس غالب
تماشائے اہل مطب دیکھتے ہیں

نبض پر ہاتھ دھرے منتظر فردا ہو
بیمار مباش کچھ کیا کر

فیضان علالت عام سہی، عرفان علالت عام نہیں
چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافی لگی ہوئی

اب تو گھبرا کے کہتے ہیں کہ گھر جائیں گے
گھر میں بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

ایک ہم ہیں کہ ہوئے ایسے پشیمان کہ بس
ایک وہ ہیں کہ جنہیں چاۓ کے ارماں ہوں گے

محشر میں گئے شیخ تو اعمال نہ دارد
جس مال کے تاجر تھے وہی مال نہ دارد

سب کچھ اللہ نے دے رکھا ہے صحت کے سوا
علالت ہے عیادت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی

:اور پھر دہرائے ہوئے جملے
"عذر گناہ لذیذ ازگناہ"
"اے مرد ناگہاں تجھے کیا انتظار ہے"
"صاف چھپتی بھی نہیں سامنے آتی بھی نہی"

20جون 2018ء کی دو پہر تھی اور میں اپنی بیوی حسینہ کے ساتھ Princess Royal یونیورسٹی اسپتال میں بطور مریض اپنی باری کا انتظار کر رہاتھا کہ ہمارے دوست فیضان عارف کا فون آیا کہ " یوسفی صاحب نہیں رہے دل دھک سے بیٹھ گیا۔ متوقع خبر تو تھی ہی مگر پھر بھی میرے اندر کوئی چیز ٹوٹ گئی ۔ صدمہ بھی تھا مگر دل تو سینے سے باہر نکلا جار ہا تھا۔ ایک عہد تمام ہو چکا تھا۔ حسینہ نے میرے کندھے پر ہاتھ رکھا اور کہنے لگیں کہ "اللہ مرحوم کے درجات بلند فرمائے ۔ بھر پور زندگی گزاری انہوں نے ۔ درست ہی کہا حسینہ نے ۔ واقعی بھر پور زندگی گزاری انہوں نے مگر پھر بھی اتنا بڑا خلا چھوڑ گئے ۔فرمان فتح پوری نے کہا تھا کہ ہم خوش نصیب ہیں کہ عہد یوسفی میں جی رہے ہیں اور مجھے خیال آ رہا تھا کہ اب ہم عہد یوسفی کے بعد کیا جئیں گے۔ ہمارا سرمایہ تو چھن گیا مگر جو انہوں نے علم وادب کا خزانہ چھوڑ اوہ ہمارا بحیثیت قوم اوران کے خاندن کا مشترکہ ورثہ ہے ۔

سوچ کے دل کہتا ہے کہ اب نہ تو وہ محفلیں ہوں گی اور نہ وہ محبتیں پھر بھی ان کا تخلیق کیا ہوا ادب میں سمجھتا ہوں کہ صدیوں تک پڑھا جائے گا ۔

ان کی کتا میں ادبی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی ۔ یہ ہمارے زمانے اور یوسفی صاحب کے زمانے کے رہن سہن ، رسم ورواج اور زندگی گزارنے کے ڈھنگ پر ایک ایسا بے لاگ تبصرہ ہے کہ جس کی نظیر نہیں ملتی ۔ایسا اسلوب نہ ہم نے اس سے پہلے زندگی میں نہ پڑھا نہ سنا۔ یوسفی صاحب نے کروڑوں لوگوں کے دلوں کو شاد کیا۔ جواللہ کی مخلوق کو سرشاری وخوشی دیتا ہے اللہ کے ہاں اس کا بڑا درجہ ہوتا ہے۔اللہ نہیں جنت الفردوس کے اونچے درجات عطا فرمائے ۔

☆☆☆ ☆☆☆

ناصر کاظمی کا مثالی معاشرہ

باصر سلطان کاظمی MBE

ناصر جس معاشرے کا حصہ تھے اس کے مسائل، اس کی ترقی اور اس کی بدلتی ہوئی اقدار میں ان کی دلچسپی آخری سانس تک قائم رہی۔ میں ایک جگہ بیان کر چکا ہوں کہ اپنی زندگی کی آخری شام، طبیعت کی بے انتہا خرابی کے باوجود، وہ یہ جاننے کے لیے بے تاب تھے کہ صدر مملکت ذوالفقار علی بھٹو اس شام زرعی اصلاحات میں کن اقدامات کا اعلان کرنے والے تھے۔ اس سے چند روز قبل ٹی وی انٹرویو میں انہوں نے کہا تھا کہ "میرا خیال ہے جو غزلیں میں نے کہی ہیں، اپنی دانست میں یہ سوچ کر کہیں کہ وہ زمانے کے تقاضوں کو پورا کریں اور اس میں میرے عصر کی روح ہو۔

(1)

منیر احمد شیخ نے لکھا ہے: "ناصر کاظمی کی شاعری میں اس کا عہد سانس لیتا دکھائی دیتا ہے۔ ہجرت سے لے کر سیاسی تموج تک ہر سانحے اور واقعے کی لہریں اس کی شاعری میں موجود ہیں۔" نمونے کے طور پر ناصر کے متعدد اشعار نقل کرنے کے بعد وہ کہتے ہیں: "غرض کہ سینکڑوں اشعار اس مضمون کے ہیں، کن کن کا ذکر کیا جائے۔ سیاسی حالات کا مطالعہ وہ باطن کی آنکھ سے چپکے چپکے کرتا رہتا اور ان حالات سے پیدا ہونے والی فضا کا تاثر اپنے اشعار میں سموتا کہ اس کے اظہار کا میدان بھی یہی تھا۔

(2)

ناصر کا یہ جملہ کہ بانسری کو کس آئیڈیالوجی نے جنم دیا تھا بہت عرصہ موضوع گفتگو رہا۔ یہ سوال اہم ہے کہ کیا ناصر نے واقعی ادب میں آئیڈیالوجی کی مخالفت کی تھی اور اگر کی تھی تو اس کی نوعیت کیا تھی؟ مذکورہ بالا ٹی وی انٹرویو میں انہوں نے کہا تھا کہ سمجھ کر لکھا اور پاکستان کی پچیس سالہ تاریخ ان کے کلام میں دھڑکتی ہوئی نظر آئے Commitment انہوں نے جو لفظ لکھا گی۔ اسی انٹرویو میں انہوں نے کہا تھا کہ "شاعری صرف مصرعے لکھنے کا نام نہیں۔ شاعری تو ایک نقطہ نظر ہے زندگی کو دیکھنے کا، چیزوں کو دیکھنے کا، ان کو ایک خاص موزوں طریقے سے بیان کرنے کا۔

"

ناصر لکھتے ہیں کہ "شاعر کی شاعری اور اس کے نظریات کی ملاقات کسی مقام پر تو ہونی چاہیے۔ شاعر اپنے نظریات کو مسلسل تجربات، مشاہدات اور مطالعے کے بعد مرتب کرتا ہے اور شاعری میں انہیں ذائقہ بنا دیتا ہے۔ شاعر کا مطالعہ اور اس کے نظریات خام لوہے کی طرح ہوتے ہیں جو شعر میں دم شمشیر بن کر اپنے جوہر دکھاتا ہے۔

(3) انہوں نے شاعری کو اس لیے اپنایا کہ انہوں نے زندگی بسر کرنے کے کچھ اصول وضع کیے، ان اصولوں کو جسم دینے کے لیے یہی راستہ بہتر سمجھا۔ (4) تخلیق اور تعمیر کے لیے بغاوت، توڑ پھوڑ اور تخریبی قوتوں سے جنگ کا جذبہ ناصر کے مضامین، مکالموں اور شاعری میں جا بجا نظر آتا ہے۔ کبھی کبھی تو ایسے مقامات بھی آتے ہیں جب وہ زندگی کو سنوارنے کے لیے اپنے افکار کے اظہار کو کافی نہیں سمجھتے اور عملی طور پر کچھ کرنے کے لیے بے تاب نظر آتے ہیں

یہ بھی آرائش ہستی کا تقاضا تھا کہ ہم
حلقہ فکر سے میدان عمل میں آئے

برگ نے" میں ناصر "مصروف خدا" سے اپنی دنیا کو دیکھنے کا مطالبہ کرتے ہیں جس میں اتنی خلقت کے ہوتے ہوئے بھی شہروں میں سناٹا ہے اور جھونپڑی والوں کی تقدیر بجھا بجھا سا ایک دیا ہے۔ "دیوان" میں وہ لوگوں سے کہتے ہیں کہ اگر بدل سکو تو باغبان کو بدل دو ورنہ یہ باغ سایہ سرو سمن کو ترسے گا۔ وہ دل کی بات سنانے کے لیے سر مقتل بھی صدا دیتے ہیں۔ چنانچہ نتیجہ تو یہی بھی تھی۔ جہاں تک "آئیڈیالوجی اور Commitment نکلتا ہے کہ ناصر کے کچھ اصول اور نظریات تھے جن کے ساتھ ان کی بانسری" والے فقرے یا اس طرح کی کسی اور بات کا تعلق ہے تو میرے خیال میں اس کا پس منظر یہ تھا کہ آئیڈیالوجی کا لفظ بالعموم سیاسی اور معاشی، بالخصوص مارکسی نظریات کے حوالے سے سمجھا اور استعمال کیا جاتا تھا/ ہے۔ ڈکشنریوں کے مطابق آئیڈیالوجی سے مراد کسی گروہ، طبقے یا فرد سے وابستہ خیالات و عقائد کا نظام یا انداز فکر بھی ہے۔1969 میں حلقہ ارباب ذوق کے خطبہ صدارت (5) میں ناصر نے حلقے اور ترقی پسند تحریک کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا ان سے ان کے آئیڈیالوجی سے متعلق نقطہ نظر کو سمجھنے میں بہت مدد ملتی ہے۔ ناصر ادب کا دائرہ کار محدود کرنے کے حق میں نہیں تھے۔ ان کے نزدیک اگر ادب کو کسی ضابطے کا پابند کر دیا جائے تو تخلیق اور ایجاد کے امکانات کم اور بعض اوقات بالکل ختم ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے ایک جگہ کہا تھا کہ وہ فطرت کے نمائندے ہیں اور جو کچھ دیکھتے، سنتے اور محسوس کرتے ہیں ماضی، حال اور مستقبل کی قید سے باہر نکل کر بیان کرتے ہیں۔ (6) انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ "شاعر جو ہے وہ ساری انسانیت کے بارے میں سوچتا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ جب اوروں کا بھلا ہو گا تو اس کا اپنا بھلا خود بخود ہو گا۔" "دیوان" میں
ایک شعر بھی اس مضمون کا ہے

ہے یہی عین وفا دل نہ کسی کا دکھا
اپنے بھلے کے لیے سب کا بھلا چاہیے

اور یہی ناصر کے آئیڈیل معاشرے کا بنیادی تصور ہے۔ ایک ایسا معاشرہ جس میں لوگ دوسروں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ بھلائی کرنے کی کوشش کرتے ہیں، محض کار ثواب کے طور پر نہیں بلکہ اس ادراک کے نتیجے میں کہ لوگوں کا بھلا ہونے سے معاشرہ بہتر ہو جاتا ہے جس کا فیض اس فرد کو بھی پہنچتا ہے جس نے دوسروں کا بے غرض بھلا کیا ہوتا ہے۔ معاشرہ پانی کے کنویں کی طرح ہوتا ہے جس کو صاف اور محفوظ رکھنا ہر فرد کی ذمہ داری ہے کیونکہ وہ خود بھی اس سے پانی حاصل کرتا ہے۔ اس کے برعکس برائی کرنے والوں کو یہ شعور نہیں ہوتا کہ ان کے برے کاموں کا شکار بالآخر خود انہیں اور ان کے خاندان کو بھی ہونا پڑے گا۔ ہمیں ناصر کے آئیڈیل معاشرے کی ایک اہم خصوصیت ان کے مذکورہ بالا ٹی وی انٹرویو میں بھی ملتی ہے جہاں وہ اس چھوٹے سے شہر کو یاد کرتے ہیں جس میں وہ ہجرت سے پہلے رہتے تھے۔ وہاں "سب لوگ، امیر، غریب بڑے سکھ اور امن سے رہتے تھے اور جو بظاہر غریب ننھے منے لوگ تھے، ان کی عزت بھی اتنی ہی تھی جتنی کہ بڑے لوگوں کی بلکہ شاید ان سے بھی زیادہ۔

ناصر کے مذکورہ بالا خطبہ صدارت میں عزم اور امید کی وہ جھلک نظر نہیں آتی جو ان کے کلام اور گفتگو میں، پچاس کی دہائی میں دکھائی دیتی تھی۔ اس کے برعکس ان کا لہجہ تلخ ہے اور وہ عام لوگوں کے ساتھ ہونے والی نا انصافی کے بتدریج بڑھتے ہوئے رجحان اور اس کے نتیجے میں وسائل کے چند ہاتھوں میں مرتکز ہو جانے کے خلاف احتجاج کرتے نظر آتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ قیام پاکستان کے وقت ایک بے سروسامانی کا عالم تھا لیکن اس وقت اصل چیز ساز و سامان نہیں تھی بلکہ آزاد ہو جانے کا احساس تھا۔ اس احساس سے کچھ خواب وابستہ تھے جو قوم کی آنکھوں میں بھی تھے اور ادیب کی آنکھوں میں بھی۔ مگر زمانہ بدلتا گیا۔ بہت سوں نے اپنے خوابوں کی تعبیر الاٹمنٹوں میں، اونچے عہدوں میں دیکھ لی۔ پھر وقت گزرنے کے ساتھ خوابوں کا یہ چشمہ خشک ہوتا گیا۔ ناصر شکوہ کناں ہیں کہ "اوپر والے" چند لوگ ملک سے متعلق کسی بھی فیصلے میں عام لوگوں کو شریک نہیں کرتے۔ اہل وسائل نے وسائل اپنے قبضے میں کر لیے اور مسائل ہمارے کھاتے میں ڈال دیے۔ چنانچہ معاشرے میں "مسائل اور وسائل کی جنگ" چھڑ چکی ہے۔

دیوان' کی غزلوں میں یہ تلخی نمایاں طور پر محسوس کی جا سکتی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس معاشرے کا تصور بھی واضح ہوتا' گیا ہے جسے وہ اپنے خوابوں کی جنت کہتے ہیں۔ ناصر کے اشعار، مضامین اور مکالمے دیکھ کر دھیان سوشلسٹ، کمیونسٹ اور مغرب کی جمہوری فلاحی ریاستوں کی طرف جاتا ہے لیکن اقبال کی طرح ناصر کے لیے بھی تحریک کا سب سے بڑا منبع قرآن حکیم تھا۔ وہ اپنی ڈائری میں لکھتے ہیں کہ جس نے قرآن نہیں پڑھا، وہ حکمت، عبرت، حیرت کی منازل سے محروم رہا اور وہ ہرگز ہرگز اچھا شاعر نہیں ہو سکتا۔ (7) ان کے آخری انٹرویو میں جب ان سے کوئی غزل سنانے کی فرمائش کی گئی تو انہوں نے اپنی کسی مقبول عام یا تازہ غزل کی بجائے "غور سے سن" ردیف والی غزل کا انتخاب کیا اور کہا کہ "یہ غزل، اس میں تھوڑی سی خطابت ہے مگر

یہ ہے کہ بعض وجوہ سے مجھے پسند ہے کہ طلوع و غروب کے مناظر ہیں، حیرت و عبرت کہ دنیا میں کیا ہوتا ہے، کس طرح چیزیں ڈوبتی ابھرتی ہیں، کس طرح صبح شامیں ہوتی ہیں اور کچھ قرآن کریم پڑھنے والوں کے لیے۔" (8) ایک اور جگہ ناصر نے لکھا ہے کہ وہ قرآن کو ادب سمجھ کر پڑھتے تھے۔ (9) اپنی نظم "اے ارض وطن" میں ناصر پاکستان کو اپنے اور اپنے آبا کے خوابوں کی ایسی جنت کے طور پر دیکھتے ہیں جو ان کی کشتی کا ساحل، ان کی کھیتی کا حاصل، مزدوروں کی محنت، مجبوروں کی طاقت، گیتوں کا سندر بن، ماہی گیروں کی جنت، جزیروں کی ٹھنڈی رات، اندھیری راتوں کا چاند، برساتوں کا جگنو، غربت کا سرمایہ اور ہمت کا پرچم ہو۔

برگ نے" اور "دیوان" کا مطالعہ ہمیں بتاتا ہے کہ ناصر کا آئیڈیل معاشرہ وہ ہے جہاں عدل ہو اور ہوائے ظلم کا گزر نہ ہو، جہاں راستے سنسان اور بے چراغ نہ ہوں، لوگ رات کو بھی گھروں میں اور گھر سے باہر اپنے آپ کو محفوظ سمجھیں، گھروں کی دیواروں سے اداسی نہ ٹپکتی ہو، جھونپڑی والوں کی تقدیر بجھا بجھا سا دیا نہ ہو بلکہ کوئی اتنا غریب نہ ہو کہ اس کے خواب کڑوے ہوں، چند گھرانوں نے مل جل کر اکثریت کا حق نہ چھینا ہو، باہر کی مٹی کے بدلے گھر کا سونا نہ بیچا جاتا ہو، میر کارواں کارواں سے دور نہ ہو، نکہت اہل ہنر رائیگاں نہ جاتی ہو، شہر سہمے ہوئے ہونے کی بجائے چہکتے بولتے ہوں، جاہلوں کی بجائے اہل علم کی کھیتی پھلتی پھولتی ہو، جنہیں سلیقہ شعور ہو انہیں بے زری نہ بچھا دے اور جو سینہ ہ خاک پر گراں ہوں وہ معتبر نہ بن بیٹھیں، محلات شاہی نہ ہوں، ناز کجکلاہی مٹ چکا ہو، خاک نشیں سر اٹھا کے چلتے ہوں، حسن انتظام ہو، انصاف کا دن اور اہل وفا کا دور ہو۔ اس معاشرے کے مثالی افراد روشنی دکھانے، دوستی نبھانے، عمارتیں بنانے اور زمین کا بوجھ اٹھانے والے ہوں۔

☆☆☆ ☆☆☆

حوالہ جات

1 ناصر کاظمی (1976ء) "ٹی وی انٹرویو"، مشمولہ ہجر کی رات کا ستارہ۔ مرتبہ احمد مشتاق۔ نیا ادارہ، لاہور
2 منیر احمد شیخ (1976ء) "چراغوں کا دھواں"، مشمولہ ہجر کی رات کا ستارہ۔
3 ناصر کاظمی (1982ء) "شہری فرہاد" مشمولہ خشک چشمے کے کنارے، مکتبۂ خیال، لاہور۔
4 ناصر کاظمی (1982ء) "میں کیوں لکھتا ہوں" مشمولہ خشک چشمے کے کنارے۔
5 ناصر کاظمی (1982ء) "خطبہ صدارت، حلقہ ارباب ذوق"، مشمولہ خشک چشمے کے کنارے۔
6 ناصر کاظمی (1995ء) "ناصر کاظمی کی ڈائری"، مکتبۂ خیال، لاہور، صفحہ 65۔
7 ناصر کاظمی (1995ء) "ناصر کاظمی کی ڈائری" صفحہ 125۔
8 ناصر کاظمی (1976ء) "ٹی وی انٹرویو" مشمولہ ہجر کی رات کا ستارہ۔
9 ناصر کاظمی (1990ء) "میرا ہم عصر"، مشمولہ خشک چشمے کے کنارے

ٹیپو سلطان کے 5 خواب
از فتح علی ٹیپو، سلطان میسور
تحریر ڈاکٹر اکمل مخدوم

چند سال پہلے کچھ تحقیق کے بعد، بر صغیر پاک و ہند کے بہادر سپوت، شہید عظیم سپہ سالار و حکمران، فتح علی ٹیو المعروف ٹیپو سلطان کی لکھی فارسی ڈائری کے چند اوراق ہے، جو وہ مکمل رازداری میں رکھتے تھے اور یہ مسودہ ان کے بستر کے ایک خفیہ خانے سے ملا تھا، جس کو برطانیہ کے اندرون خانوں میں بھلا دیا گیا تھا۔ اور پھر مزید کوشش پر ان کی اس تصنیف کا انگریزی ترجمہ معروف عالم و محق ڈاکٹر محمود حسین کا کیا ہوا ملا، اور اس مسودہ کا اردو تر جمعہ ناچیز نے کیا ہے، بہ عنوان: ٹیپو سلطان کے خواب یہ کتاب حوالہ ناشر ہے۔

،اس مسودہ سے ماخوذ پانچ پہلے خواب پیش ہیں، جو اس عظیم شخص نے اپنے قلم سے لکھے۔ اس میں تواریخ نامانوس لگیں گی وہ اس لیے کہ ٹیپو سلطان نے دن، ہفتے، مہینے اور سالوں کو منفرد طریق سے مرتب کیا تھا۔ یہ ایک علیحدہ اور نہایت دلچسپ باب ہے کتاب میں۔

پہلا خواب
مرہٹہ فوج کے تین افسر

قمری مہینے احمدی کی پہلی تاریخ کو، جمعرات کی رات، سال دلو کے شروع میں، بارہ سو ہجری میں جب تین حصے پانچ گھڑیاں کی گزر چکی تھیں، شمس آباد میں پڑاؤ کے وقت مجھے ایک خواب آیا: میں نے دیکھا کہ جیسے مرہٹہ فوج آگئی ہے اور میں نے ان کے سپہ سالار کو مقابلے کے لئے للکارا ہے کہ اکیلا مقابلہ کرے۔ مرہٹہ فوج کا ایک مسلمان افسر میری اس للکار کو قبول کرتا ہے، میدان جنگ میں جب دونوں افواج ایک دوسرے کے سامنے کھڑی ہیں ۔ میں ایک ہی وار سے مرہٹہ فوج کے مسلمان افسر کو ختم کر دیتا ہوں۔ یہ دیکھتے ہیں مرہٹہ فوج کا سپہ سالار جو کہ نوجوان ہے ، فرار اختیار کرتا۔ میں اس کا پیچھا کرتا ہوں اور ایک وار سے اس کا خاتمہ کر دیتا ہوں۔ میں تیسرے افسر کا خاتمہ بھی کرتا ہوں جو ایک اہم رتبے پر ہے۔ ان تینوں کو ایک ایک وار سے ہلاک کرنے کے بعد، میں واپس اپنی فوج کے پاس آتا ہوں، فاتح اور کامیاب۔ پھر خواب میں یہ دیکھتا ہوں کے

میرے تمام افسر اور حیدر صاحب (یہ ٹیپو سلطان کے والد کے دوست تھے جنہوں نے ٹیپو سلطان کے والد حیدر علی کو میسور کے راجہ سے متعارف کیا تھا) گھر کے اندر کھانا کھا رہے ہیں۔ میں تھکا ہوا ان سے پانی مانگتا ہوں۔ موجود لوگ مبارک دینے کے بعد مجھ سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ میں کھانا کھانے کے بعد پانی پیوں۔ اسی اثنا میں ایک سفید داڑھی والے معزز بزرگ ہاتھوں میں بالائی اور مٹھائیاں پیش کرتے ہیں، اور مجھے کو دیتے ہیں، میں ان سے یہ مٹھائی اور بالائی لے کر کھاتا ہوں، اور خود سے کہتا ہوں کے پہلے کبھی اس طرح کی مزے دار اور پر لطف مٹھائی نہیں کھائی، بہت ہی اعلی ذائقہ دار ہے۔ اس کے بعد میں وضو کرتا ہوں، اور اپنے افسران سے پوچھتا ہوں کہ کیا انہوں نے کفار کی فوج کو تباہ کر دیا ہے۔

حیدری افواج کے افسران جواب دیتے ہیں کہ انہوں نے اس معاملے میں کوئی پیش رفت نہیں کی، اور دشمن کی فوج کو تباہ نہیں کیا بلکہ وہ حکم کے منتظر تھے۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اس دوران کفار کی فوج اپنے خزانے سمیت مقامی کاؤوں میں موجود ہے۔ فوج کو تیار کرنے کے بعد میں فوری دشمن کی جائے پناہ کی طرف پیش قدمی کرتا ہوں اور اپنے معاون سے تلوار لے کر اپنی کمر پر باندھ لیتا ہوں، اور میں سید جنید اور سید غفار اور دوسرے افسران کو بھی اپنے سپاہیوں کو جنگ کے لیے تیار رہنے کا کہتا ہوں۔ بس یہی ہے۔

(یہاں پر مترجم کے لکھتے ہیں کہ سید جنید ٹیپو سلطان کے وفادار فوجی افسر تھے، سید غفار پہلے ارکوٹ کے نواب کی فوج میں تھے اور ٹیپو سلطان کے انتہائی با اعتماد تھے، بہت بہادر اور وفادار انسان اور ان کی فوج کے افسر تھے سنہ سترہ سو بیاسی سے۔ وہ سرنگا پٹنم کی آخری لڑائی جو انگریزوں کے خلاف لڑی گی، اس میں شہید ہوئے ۔ وہی جنگ جس میں ٹیپو سلطان خود شہید ہوے)

چوتھا خواب
دودھ کے گلاس
یا اللہ رحیم

حضرت محمد کی پیدائش کے بارہ سو اٹھارویں سال، تقی کے مہینے کی بدھ کی رات کو، جب چار گھڑیاں ابھی باقی تھیں، جب ہم سلام آباد قرب مدھر گیراہ میں راما نیر کی فوجی چھاؤنیوں کو فتح کر کے واپس آرہے تھے مجھے ایک خواب آیا۔ ایسا لگا کے ایک شخص کانے کا دودھ دوھنے کے فورا بعد تازہ دودھ سے بھرے دو جگ میرے پاس لے کے آیا ہے۔ اور مجھے کہتا ہے کہ تازہ

دودھ سیدھا گانے کے تھنوں سے میرے پاس لایا ہے اور یہ بہت میٹھا ہے ، مزے دار ہے، اور مکھن سے بھرا ہوا ہے۔ میں اس کے ہاتھ سے جگ لے لیتا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ اس تازہ دودھ میں مکھن کے ٹکڑے ابل کر اوپر آگر پھیل رہے ہیں۔ اس شخص کو یہ بتانے کے بعد کہ دودھ بہت میٹھا اور بہت ذائقے دار ہو گا، میں یہ دودھ لیکر اپنے پاس رکھ دیتا ہوں، اور اسی لکھے میری آنکھ کھل جاتی ہے، اور میں یہ خواب لکھ لیتا ہوں۔

پانچواں خواب
سمندری ناریل
یا اللہ الحق

زبرجدی نے کی اکیس تاریخ کی رات، کہ نیا دن منگل ہے، جو کہ ذیقعد کی انیسویں رات بنتی ہے، جبکہ صبح سورج طلوع ہونے والا ہی تھا، پین دارالخلافہ میں مجھے مندرجہ ذیل خواب آیا۔ ایسا لگا کہ میں ایک اوپر کی بڑی منزل کے کمرے میں گیا ہوں، جہاں پر مجھے چالیس سے پچاس سمندری ناریل نظر آتے ہیں۔ سب سے چھوٹا ناریل ایک لیموں جتنا تھا اور سب سے بڑا ایک چھوٹے مٹکے جتنا۔ میں ان سب کو اکٹھا کر کے اپنے سامنے رکھ لیتا ہوں۔ میں ناریل کے پانی بھی تعریف کرتا ہوں اور کہتا ہوں کہ یہ نہایت میٹھا اور مفرح ہے۔ میں نے دو یا تین مرتبہ پہلے سمندری ناریل کا پانی چکھا ہوا ہے مگر مجھے وہ کھارا لگا تھا۔ مجھے حیرانی ہوئی کہ ان ناریلوں کا پانی اتنا میٹھا ہے ۔ اتنی دیر میں کچھ عورتیں جو اجنبی تھیں اور وہیں بیٹھی ہوئی تھیں، ایک بڑے ناریل کا خول توڑ کر مجھے ناریل کی گری دیتی ہیں، یہ کہتے ہوئے کہ یہ بہت میٹھی ہے۔ میں اسکو اپنے ہاتھ میں پکڑتا ہوں، باقی ناریل سب میرے سامنے پڑے ہوئے تھے۔ تب میری آنکھ کھل گئی اور پھر میں دوبارہ سو نہیں سکا۔

خودکشی، ذہنی امراض اور دفعہ 335 میں ترمیم؛ چند گزارشات

(ڈاکٹر افتخار احمد، برطانیہ)

دسمبر کے آخری ہفتہ میں سینٹ میں مجموعہ تعزیرات پاکستان 1860 اور مجموعہ ضابطہ فوجداری 1898 میں ترامیم کے بل پیش کیے گئے اور کچھ تو منظور کر لیے گئے اور ایک ترمیم، جو خودکشی کو ذہنی بیماری قرار دینے سے متعلق تھی، اس کو اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے کے لیے بھیج دیا گیا۔ پریس میں اس پر کوئی زیادہ بحث نظر نہیں آئی اور سینٹ میں ہونے والی بحث بھی ہماری سوسائٹی میں مروجہ رویوں کی ہی عکاسی کر رہی تھی جو بذات خود کوئی انہونی بات نہیں۔

جہاں چند سینٹرز نے خودکشی جیسے اقدام کے پس منظر میں ذہنی بیماری اور دوسرے ممالک میں ہونے والی قانون سازی پر توجہ دلائی وہیں مذہب میں اس پر سخت قدغن کو اجاگر کیا گیا اور اس خدشے کا اظہار کیا گیا کہ کہیں اس ترمیم کے ذریعے ختم ہونے والی سزا کے نتیجے میں خودکشی جیسے اقدام کو شہ تو نہ ملے گی۔ آج کا یہ بلاگ قانون سازی کے عمل بارے تو نہیں کہ جس کا کام اس کو ساجے، ہاں خودکشی اور اس کی وجوہات بارے ہمارے ہاں پائے جانے والے رویوں اور اس انسانی اذیت اور اس کے علاج بارے جدید طبی علم کی روشنی میں چند گزارشات ہیں، کہ شاید کہ تیرے دل میں اتر جائے میری بات۔

عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے اندازوں کے مطابق ہر سال دنیا میں تقریباً سات لاکھ افراد خودکشی کر لیتے ہیں یوں عالمی سطح پر خودکشی کی شرح ہر ایک لاکھ کی آبادی میں 11.4 بنتی ہے۔ کیونکہ یہ ایک بہت حساس موضوع ہے اور مختلف ممالک کے کلچر، قوانین اور مذہبی عقائد کی بنا پر یہ بات بھی یقینی ہے کہ بہت سی اموات رپورٹ ہی نہیں ہوتیں اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ پر حادثہ یا کوئی اور وجہ تحریر کر دی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں بہت سے ممالک میں میں تو نظام کی کمزوری کی بنا پر وجہ موت رجسٹر ہی نہیں ہوتی۔

امیر، ترقی یافتہ ممالک میں مردوں میں عورتوں کی نسبت خودکشی کی شرح تین گنا زیادہ ہے جبکہ غریب اور متوسط آمدنی والے ممالک میں یہ نسبت کی یہ شرح کم ہو کر 1.5 گنا رہ جاتی ہے۔ عالمی اعداد و شمار کے مطابق پرتشدد وجہ اموات میں خودکشی کرنے والوں کا حصہ مردوں میں پچاس فیصد اور خواتین میں اکہتر فیصد ہے، جی ہاں آپ نے صحیح پڑھا، خواتین میں با تناسب پرتشدد موت کی شرح زیادہ ہے۔ اسی طرح خودکشی کی شرح عمر کے مختلف حصوں میں بھی مختلف ہو سکتی ہے۔مثلاً دنیا کے تمام حصوں میں عموماً اس کی شرح ستر سال سے زیادہ عمر کے مردوں اور عورتوں میں سب سے زیادہ ہے، اس طرح یہ شرح مختلف

ممالک میں عمر کے مختلف حصوں میں مختلف ہو سکتی ہے۔ ایک اور بات جو یاد رکھنے کے لائق ہے کہ عالمی ادارہ صحت کے اندازے کے مطابق خودکشی سے ہونے والی ہر ایک موت کے پس منظر میں دس سے بیس کے درمیان خودکشی کی ایسی کوششیں ہیں جو انجام تک نہیں پہنچتیں۔ دنیا میں خودکشی سے ہلاک ہونے والے افراد میں سے تقریباً 77 فیصد کا تعلق غریب ممالک سے ہوتا ہے۔

خودکشی کے لیے کیڑے مار یا زرعی ادویات، اپنے آپ کو پھندا لگانا اور آتشیں اسلحہ کا استعمال عالمی سطح پر تقریباً ہر جگہ عام ہے، اگرچہ مختلف علاقوں میں مقامی سطح پر آسانی سے دستیاب وسائل اس سلسلے میں اہم ہوتے ہیں اور اس کے بارے میں مکمل معلومات، خودکشی کی روک تھام میں پالیسی سازوں کے لیے اہم ہوتی ہیں۔ اس پس منظر میں اگر وطن عزیز میں خودکشی جیسے عنصر کا مطالعہ کریں تو چند حقائق نظر آئیں گے۔

عالمی ادارہ صحت کے اندازے کی مطابق سنہ 2019 میں پاکستان میں تقریباً 19 ہزار افراد نے خود اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ اس طرح اس کی شرح ہر ایک لاکھ کی آبادی میں 8.11 بنتی ہے لیکن ہمیں اس حقیقت کو بھی مد نظر رکھنا ہو گا کہ ہمارے ہاں سرکاری سطح پر اس سلسلے میں کوئی اعداد و شمار نہیں جمع کیے جاتے۔ جو چند تحقیقی رپورٹس اب تک شائع ہوئی ہیں ان کے مطابق پچھلے 50۔ 60 سال میں اس کی شرح میں اضافے کا رجحان ہے جو کہ عالمی سطح پر تبدیلیوں کی عکاسی کرتا ہے۔
ہمارے ہاں خودکشی کی شرح تیس سال سے کم عمر بالخصوص خواتین اور ان میں بھی شادی شدہ خواتین میں نسبتاً زیادہ ہے۔ شادی شدہ خواتین میں یہ اضافی شرح، مغربی ممالک میں شادی شدہ خواتین کے مقابلے میں واضح طور پر زیادہ ہے جہاں شادی کو اس سلسلے میں ایک حفاظتی عمل تصور کیا جاتا ہے۔ اس طرح لگتا ہے کہ پاکستانی خواتین میں ازدواجی مسائل اور خاندانی نظام ایک واضح دباؤ کی حیثیت رکھتا ہے۔

اگر آپ ڈاکٹروں یا دوسرے ماہرین سے اس سلسلے میں بات کریں تو وہ خودکشی کرنے یا ایسی کوشش کو جرم گردانتے والے موجودہ قانون کو اس عمل اور ذہنی صحت بارے واضح تصویر کی راہ میں بطور رکاوٹ ہونے کے نشاندہی کریں گے۔ مجموعہ تعزیرات کے مطابق خودکشی کی کوشش کرنے والا قید یا جرمانے یا دونوں کا سزا وار ہو گا اور قید کا عرصہ ایک سال (PPC 325) پاکستان تک ہو سکتا ہے۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ قانون برصغیر میں برطانوی راج میں 1861 میں نافذ کیا گیا تھا اور جبکہ خود برطانیہ میں سنہ 1961 میں یہ قانون تبدیل ہو چکا ہے اور سوسائٹی میں بھی اس بارے تنقیدی رویوں میں تبدیلی آ چکی ہے اور اس بارے میں مسلسل تحقیق سے ایسی پالیسیز بن رہی ہیں جو زیادہ انسان دوست ہیں اور لوگوں کے لیے مدد حاصل کرنا آسان ہو گیا ہے۔

لیکن ہم ہیں کہ دوسرے قوانین کی طرح اس کو بھی اپنے ماضی کی یاد کے طور پر اپنے سینے سے لگائے بیٹھے ہیں۔ دنیا کے اکثریتی ممالک میں اس سلسلے میں قوانین بدل چکے ہیں لیکن بیس ممالک ایسے ہیں جن میں یہ قدم ابھی بھی جرم تصور کیا جاتا ہے۔
سنہ 2017 میں اسلامی نظریاتی کونسل کی کی سپورٹ کے بعد سینٹ نے یہ بل منظور کر لیا لیکن قومی اسمبلی سے پاس نہ ہونے کی بنا پر پچھلی حکومت کی مدت پوری ہونے پر غیر موثر ہو گیا۔ یہ بات یاد رہے کہ پاکستان نے بطور ایک ذمہ دار ریاست کے، عالمی ادارہ صحت کے (Mental health Actin Plan 20132030 ۔) پر دستخط بھی کیے ہوئے ہیں جس کے مطابق اس عرصے میں خودکشی کی روک تھام اور اس کی شرح میں دس فیصد کمی لانا تھا۔

وطن عزیز میں 97 فیصد آبادی مسلمانوں کی ہے جبکہ باقی 3 فیصد بھی مذہبی اقلیتیں ہیں۔ ہماری مذہبی، سماجی اقدار اور ان میں موجود خودکشی بارے حساسیت کی وجہ سے اس موضوع پر بہت زیادہ تحقیق بھی نہیں ہوئی۔

خودکشی ایک پیچیدہ رجحان یا عمل ہے جس میں بہت سے عوامل کام کر رہے ہوتے ہیں، مثلاً ذہنی بیماری کی موجودگی، تکلیف دہ واقعات زندگی، انفرادی شخصی خصوصیات، سماجی دباؤ، خاندان میں پہلے سے کسی فرد کی خودکشی کا واقع وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔

کی شرح پاکستان میں کافی زیادہ پائی گئی ہے لیکن اس اور دوسرے ذہنی امراض (Depression) ذہنی امراض بالخصوص ڈپریشن کی تشخیص اور علاج بہت ہی کم ہے۔ اسی طرح مسلسل سیاسی بے یقینی، کمزور ہوتی معاشی صورت حال اور عمومی طور پر حکومتی اداروں پر بے اعتمادی کی فضا ایک خوف اور بے چینی کی کیفیت کو جنم دیتی ہے جو کہ ذہنی صحت کے لیے اچھا نہیں۔ یہ مسائل سوسائٹی میں ذہنی صحت کے لیے روایتی طور پر موجود مضبوط حفاظتی عوامل مثلاً مذہب اور خاندانی نظام کے اثرات وغیرہ کو کمزور کر دیتے ہیں اور ڈپریشن اور دوسرے ذہنی دباؤ کی شرح میں اضافہ کا باعث بنتے ہیں جو خودکشی کے رجحانات کو ہوا دیتے ہیں۔
اس لیے حالیہ سالوں تحقیق سے میں جہاں غربت اور بگڑتے معاشی عوامل کا خودکشی کے رجحانات پر منفی اثرات کا ادراک ہوا ہے وہیں ذہنی امراض بالخصوص ڈپریشن اور ذہین امراض بارے سماجی رویوں کے خودکشی جسے عمل پر اثرات ایک اہم امر ہے۔

خودکشی ایک انسانی المیہ ہے اور اس کوشش کی کامیابی کی صورت میں میں متاثرہ فرد تو بظاہر دکھوں سے نجات پاتا نظر آتا ہے لیکن اس کے متعلقہ گھر کے افراد، اس کی فیملی اور دوستوں عزیزوں اور جاننے والوں کی ایک طویل فہرست ہے، ایک نہ ختم ہونے والے عذاب کا سامنا کر گے ہیں۔ جہاں انہیں ایک طرف اپنے عزیز کے جانے کے غم کا سامنا ہوتا ہے تو دوسری طرف سماجی سطح پر خودکشی بارے عمومی رویوں کا اور لوگوں کی چبھتی نظروں اور تیکھے سوالوں کا جواب ڈھونڈنا پڑتا ہے اور اپنے خاندان

کی نیک نامی اور بچوں کے مستقبل کی فکر رات کی نیند اڑا دیتی ہے۔

ایسی صورت حال میں اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی قانونی چارہ جوئی کے لیے پہنچ جائیں تو ہمارے معاشرے میں اس خاندان کی ذہنی اور نفسیاتی حالت سمجھنے کے لیے آپ کو کسی پی ایچ ڈی کی ڈگری کی ضرورت نہیں۔ ویسے آپس کی بات ہے کہ ہمارے ہاں قانون کے نفاذ کی تیزی دیکھنی ہو تو اس کے لیے صرف آپ کا غریب ہونا ہی کافی ہے۔ اور اگر خودکشی کی کوشش ناکام ہو جائے (جو کہ طبعی نقطہ نظر سے ماہرین کو موقع فراہم کرتی ہے کہ وہ متاثرہ فرد کی تکلیف کو سمجھ کر دور کرنے کی کوشش کریں) ، تو اوپر بیان کردہ نقشے میں اس متاثرہ فرد کا اضافہ اور خاندان کی تکالیف کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

پاکستان میں ہمارے پاس کوئی ایسے اعداد و شمار موجود نہیں ہیں جو بتا سکیں کہ کتنے افراد پر آج تک دفعہ 335 کے تحت مقدمہ درج کر کے عدالتی کارروائی کی گئی ہے لیکن مشاہدہ یہ ہے کہ یہ بہت بڑے تعداد نہیں ہو گی۔ مشاہدہ یہ بھی بتاتا ہے کہ ضخیم قانونی دفعات میں یہ ایک چھوٹی سی دفعہ پولیس اور ہسپتال کے عملے کو اس قابل بنا دیتی ہے کہ وہ متاثرہ فرد اور اہل خانہ سے کچھ نہ کچھ بٹور سکیں۔

"اس قانون کے تحت خودکشی کے عمل کو "مجرمانہ اقدام" (criminalisation) قرار دینے کے حق میں تین دلائل دیے جاتے ہیں۔

پہلا یہ کہ سزا کا خوف بذات خود ایک عبرت (deterrent) ہے لیکن تمام تر تحقیق ظاہر کرتی ہے کہ جن ممالک میں سزا کا قانون ختم کر دیا گیا وہاں عموماً خودکشی کی شرح کم ہو گئی۔

دوسرے یہ کہ خودکشی کے لیے مجرمانہ سزاؤں کے قوانین دراصل اس سوسائٹی کی۔ ایسے اقدامات کے خلاف، اخلاقی مذمت کا اظہار ہیں لیکن در حقیقت عوامی شرمندگی (دونوں قانونی اور ثقافتی سطح پر) نہ صرف بچ جانے والے متاثرہ فرد یا مرنے والے کے متاثرین کو کسی قسم کی پیشہ ورانہ مدد حاصل کرنے کی راہ میں رکاوٹ بن جاتی ہے بلکہ ایک کلنک کا ٹکہ بن کر زندگی اور اجیرن کر دیتی ہے۔

تیسرے سزا کا یہ قانون انتقام کی خواہش کا اظہار بھی سمجھا جا سکتا ہے کہ انصاف ہوتا بھی نظر آتا ہے کہ ایسی قبیحہ جرم کے مرتکب کو سزا مل گئی، تاہم اس صورت میں یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ خودکشی کی کوشش کرنے والے یا کامیابی کی صورت میں

اس کے علاوہ کوئی اور بھی متاثر ہے اور یہ کہ اس کا یہ فیصلہ عقلی لحاظ سے صحیح تھا نہ کہ اس وقت وہ کسی دباؤ یا کسی ذہنی بیماری کے زیر اثر فیصلہ کر رہا تھا۔

مندرجہ بالا دلائل کے ساتھ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن بارے انسداد خودکشی(International association for prevention of Suicide) نے دفعہ 335 کو تبدیل کرنے اور خودکشی کو مجرمانہ عمل کے تعریف سے نکالنے کے چار فوائد گنوائے ہیں۔

1 اس قانون میں تبدیلی سے عوامی رائے عامہ بہتر ہو گی اور (stigma) میں کمی سے متاثرہ افراد کے لیے پیشہ ورانہ مدد حاصل کرنا آسان ہو گا۔

2 قانون میں تبدیل (decriminalisation)سے خودکشی جیسے عمل کو سمجھنے میں آسانی ہوگی اور متاثرہ فرد کی جلد نشاندہی اور امداد کے طریقوں کو آزمایا جا سکے گا۔

3 قانون میں تبدیلی (decriminalisation)سے خودکشی جیسے اقدام کو پبلک ہیلتھ کے مسئلہ ٔ کے طور پر لیا جا سکے گا اور متاثرہ افراد کا بیمار کے طور پر علاج کیا جا سکے گا۔

4 قانون میں تبدیلی سے اس ذہنی اذیت سے نجات ملے گی جو ممکنہ قانونی چارہ جوئی اور قید کی سزا کی لازمی حصہ ہے۔

اس ساری بحث امید ہے کہ یہ بات واضح ہو گئی ہو گی کہ مروجہ قانون میں تبدیلی کی ذمہ داری صرف قانون ساز اداروں اور ان کے اراکین پر ہی نہیں چھوڑی جا سکتی بلکہ ہمیں دوسرے ممالک کے تجربوں سے فائدہ اٹھانا ہو گا اور جہاں سول سوسائٹی کے سطح پر اس بارے میں ایک مہم کے ذریعے عوامی بیداری میں اضافہ کرنا ہو گا۔ وہیں ہمارے قانون سازوں پر بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ جدید تحقیق کی روشنی میں خودکشی جیسے پیچیدہ المیہ اور اس سے وابستہ عوامل کو سمجھ کر ایسی قانون سازی کریں جو انسانی زندگی میں آسانیاں لا سکے اور ان رویوں کو درست کرنے میں مدد گار ہو جو انسانی صحت پر منفی اثرات رکھتے ہیں۔ یہاں یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ سینٹ اور اسلامی نظریاتی کونسل اس سلسلے میں پہلے ہی (2017 میں) اپنے رائے کا اظہار کر چکے ہیں اور ابھی تک کوئی ایسی تحقیق سامنے نہیں آئی جو اس تاثر کو درست ثابت کرے کہ دفعہ 335 میں ترمیم خودکشی کے رجحانات کو زیادہ کر دے گی۔

غزل

باصر سلطان کاظمی MBE

دل لگا لیتے ہیں اہلِ دل وطن کوئی بھی ہو
پھول کو کھلنے سے مطلب ہے چمن کوئی بھی ہو

صورتِ حالات پر ہی بات کرنی ہے اگر
پھر مخاطب ہو کوئی بھی، انجمن کوئی بھی ہو

تارِ گیسو یا رگِ گُل سے ہوئے ہم بے نیاز
دار تک جب آگئے عاشق، رسن کوئی بھی ہو

ہے وہی لاحاصلی دستِ ہنر کی منتظر
آخرش سر پھوڑتا ہے، کوہکن کوئی بھی ہو

ہیں جو پُر از آرزو ہوتے نہیں محتاجِ مے
رات دن مخمور رکھتی ہے لگن کوئی بھی ہو

ہے کسی محبوب کی مانند اس کا انتظار
دیدہ و دل فرشِ رہ ، مشتاقِ فن کوئی بھی ہو

شاعری میں آج بھی ملتا ہے ناصر کا نشاں
ڈھونڈتے ہیں ہم اسے بزمِ سخن کوئی بھی ہو

عادتیں اور حاجتیں باصرؔ بدلتی ہیں کہاں
رقص بِن رہتا نہیں طاؤس بَن کوئی بھی ہو

☆☆☆☆

غزل

ڈاکٹر قیصر عباس زیدی

جہاں کا پھول ہوں میں، اُس چمن میں رہتا ہوں
وطن سے دور ہوں لیکن وطن میں رہتا ہوں

نہ ڈھونڈ مجھ کو کہیں اور اے نسیمِ سحر
شمیمِ گل ہوں میں، سرو و سمن میں رہتا ہوں

وہاں نہیں ہوں مگر دل وہیں پہ ہے میرا
اکیلا ہوں میں مگر انجمن میں رہتا ہوں

پہن رکھی ہے دل و جاں نے دیس کی خوشبو
جہاں بھی جاؤں اسی پیرہن میں رہتا ہوں

وہ جس کی گود نے پالا تھا مجھ کو بچپن میں
میں آج بھی اُسی کوہ و دمن میں رہتا ہوں

سجائے رکھتا ہوں یادوں کی بزم کو ہر دم
ہمیشہ محفلِ شیریں سخن میں رہتا ہوں

وہ اُس کی نقرئی صبحیں ، وہ سرمئی شامیں
میں شہرِ زیست کے ہر بانکپن میں رہتا ہوں

مرے مزاج سے واقف وہی تو ہیں قیصؔر
رہوں کہیں بھی میں اہلِ سخن میں رہتا ہوں

☆☆☆☆

علامہ اقبال کے نام

ڈاکٹر قیصر عباس زیدی

بوئے گُل، حسنِ چمن، صورتِ لالہ لکھا
اُس نے قسمت میں مسلماں کی اُجالا لکھا

شخصیت اُس کی تھی جیسے ہو فلک بوس پہاڑ
اولیں حرفِ سخن جس نے ہمالہ لکھا

وہ تھا اقبال بلندی پہ نظر تھی اُس کی
شوقِ منزل میں ستاروں کا حوالہ لکھا

اُس کے اشعار معانی کا سمندر جیسے
گویا جو حرف بھی لکھا وہ مقالہ لکھا

عدل کا اُس کے تقاضا تھا لکھا پست کو پست
اور بالا جسے سمجھا اُسے بالا لکھا

لکھا اَوروں نے بھی ہر دور میں لیکن اُس نے
منفرد لکھا ، جدا لکھا ، نرالا لکھا

میں نہیں کہتا یہ کہتے ہیں سخنور سارے
جو لکھا حضرتِ اقبال نے اعلیٰ لکھا

☆☆☆☆

غزلیات

ڈاکٹر اکمل مخدوم

کیوں مجھے راس آگئی ہیں ہجر کی تنہائیاں
مجھ پہ کیوں پڑتی نہیں ہیں پیار کی پرچھائیاں

ارتعاشِ سطحِ اُلفت کو نہیں سمجھا گیا
کیسے سمجھائے گا کوئی عشق کی گہرائیاں

کر دیا ہے مضمحل دل کو تمہارے قہر نے
یہ نہیں اب لے سکے گا پیار کی انگڑائیاں

☆☆☆☆

بیتے لمحوں کی ابتلا کہیے
کہیے کہیے مجھے برا کہیے

اُس نے دیکھا، پلٹ کے پھر دیکھا
اُس کی کیسی تھی یہ ادا کہیے

ہچکچانے کا فائدہ اکمل
دل جو کہتا ہے برملا کہیے

☆☆☆☆

تم مری کائنات کیا جانو
آسمانوں کی بات کیا جانو

حشر آیا ہی چاہتا ہے اب
تم قیامت کی بات کیا جانو

مت بناؤ یہ زندگی مشکل
کیوں ہے یہ نفسیات کیا جانو

یہ مسائل یہ مشکلیں پیارے
ان سے کب ہو نجات کیا جانو

آسماں کیوں سمجھ نہیں پاتا
میری سادہ سی بات کیا جانو

جو تکبر کرے گا روئے گا
تم یہ اخلاقیات کیا جانو

رات دن کے غلام ہو اکملؔ
اس سے بالا ہے بات کیا جانو

☆☆☆☆

غزل

ڈاکٹر مقصود احمد

سوچوں کے سمندر میں بھی طوفان بپا ہے
کس درجہ خطرناک میرے گھر کی ہوا ہے

اس گھر کے مکیں دھرتے ہیں ہر ایک پہ الزام
اے میرے خدا تو ہی بتا کون کھرا ہے

جو میرے مقدر کا اندھیرا ہے ہر اک سو
دنیا کی نظر میں تری زلفوں کی گھٹا ہے

یزداں کی مشیت ہے تو پھر میں بھی ہوں راضی
اس نے جو دیا فیصلہ وہ ٹھیک دیا ہے

یہ لوگ بچھاتے رہے ہر راہ میں کانٹے
ہمت کا مسافر تھا جو چلتا ہی رہا ہے

سو بار تو کی آپ نے توہین وفا کی
ہر بار مگر ہم پہ ہی الزام لگا ہے

اُس گھر کی بہاریں تو ہوئیں خواب کی صورت
اِس گھر کی بہاروں کا خدا روٹھ رہا ہے

اُس سے تو عبث ہی ہے عنایت کی توقع
جس کو نہیں معلوم کہ کیا عہدِ وفا ہے

جس کے لیے مقصودؔ جی الجھے ہیں سبھی لوگ
سوچیں تو بلا کونسی وہ ایسی خطا ہے

سوچاں

ڈاکٹر مقصود احمد

بندے نوں ایہ سوچاں یا رو
اِکوّ ویلے
ڈو بن تارن

جہیڑا بندہ ایس جہانیں
نہ کچھ دیکھے، نہ کچھ چاکھے
اوہوسب توں چنگا بندہ
ایس جہانیں جہیڑا سوچے
لو کی اوہنوں جھلّا آکھن
کیوں نہ آکھن !

سوچاں سوچ کے
اپنے آپ نوں
وچ غماں دے سٹ لیندا اے
میں دی یارو
کچھ دِناں توں

سوچاں کولوں دور رہنا واں
سچی مُچی جھوٹ نئیں کہندا
ہولا ہولا لگتا واں

نثری نظم

ڈاکٹر سعدیہ محمد

یہ طلب اے جستجو ہے
سکون کی، قرار کی

تم مطمئن ہو جاؤ
مجھے اطمینان مل جائے

ایک دوسرے کی کمی بیشی
برداشت کر لیں، نظر انداز کر لیں

تم مجھے ایسے ہی قبول کر لو
میں تم سے ویسے ہی راضی ہو جاؤں

شاعرانہ اظہارِ خیال

ڈاکٹر سعدیہ محمد

یہ احساس۔ اے۔ حسرت کیسی، یہ حال اے رشک کیسا
ہاتھ جب وہ لائے تھے سامنے، خود ہی نہیں تھاما

دروازہ کھول رکھا تھا، ہمارے استقبال کے لئے
راستہ ہم نے بدل لیا، ہم ہی نہ چلے آگے

اب جو دوراہے پر کھڑے ہیں ہم بھی اور وہ بھی
مل سکتی نہیں لیکن لکیریں تقدیر کی

بس سنبھل جا اے دل، یہ خیال و گمان کر لے
ضروری نہیں کہ سفر۔ اے۔ زندگی حسین ہوتی انہی سے

ڈھونڈ اپنے نصیب میں کشش، ہو اس سے مطمئن
کہ شمع جلانے سے غروب۔اے۔آفتاب نہ ہو گا کبھی

Time to go back to the couch.

Professor Tanveer Rana

For decades outrageous indignities have been heaped upon Freud. There have been merciless attacks on him as a person, and relentless assaults on his work. He has been called all imaginable names under the sun including being a sadist; a liar; a charlatan; a cheater; a builder of myths; a crank; a quack; a cocaine addict; an ingenious plagiarist; a dogged and ruthless self-promoter, and a scoundrel. Over the years Freud's opponents have taken a sharply polarized and very prejudiced view and have launched a torrential rain of vehement arguments against psychoanalysis. According to Esterson, "the rise of psychoanalysis to a position of prominence in the twentieth century is one of the most extraordinary aberrations in the history of Western thought" (Esterson, 1993).

There have been numerous and very passionate 'movements' to bury Freud. To the utter dismay of anti-Freudians, Freud is very much alive. No matter how fierce the movements are against him and irrespective of how many vigorous attempts are made to bury him, Freud can never be buried or dismissed. This is because Freud's achievement was both artistic as well as scientific (Wilson, 1972). His followers believe that "he was the central imagination of our age" (Friedman, 2001), and "a genius whose ideas revolutionized our understanding of ourselves" (Lemma, 2003). Alessandra Lemma says: "Psychoanalysis, more than any other psychological theory, gets the measure of us by focusing squarely both on our desire and our destructiveness. It is the most intellectually satisfying view of the mind" (Lemma, 2003).

John F. Kihlstrom, a staunch anti-Freudian, admits that more than Einstein or Watson and Crick, more than Hitler or Lenin, Roosevelt or Kennedy, more than Picasso, Eliot, or Stravinsky, more than the Beatles or Bob Dylan, Freud's influence on modern culture has been profound and long-lasting (Kihlstrom, 2000). Even Charles Darwin and Karl Marx have not commanded more attention than Freud.

There is no denying the fact that Freud got the ball rolling and has the unprecedented credit for kindling a revolution in psychology. Much of today's psychotherapeutic work is still predicated or based on many of Freud's original insights. Needless to say, the main ideas of psychoanalysis are at the foundation of many forms of psychotherapy. Many therapies, including cognitive and humanistic therapies, evolved from psychoanalysis, (Summers & Barber, 2009). A. T. Beck, Fritz Perls and Albert Ellis were all trained as psychoanalysts, and they modified psychoanalysis to develop their own therapies. Of course, some areas of Freud's findings have been refined and expanded, while some other ideas have been abandoned. Even if some of Freud's ideas or theories are wrong, we should be cautious not to throw the baby out with the bathwater. Moreover, in any scientific research some findings are sometimes refuted or disproved later on. This is how advancement generally takes place.

There is ample evidence that the tide now seems to be turning again in Freud's favour (Burkeman, 2016). In this review article, we have first mentioned some personal facts about Freud. The main tenets of psychoanalysis are then explained. We have subsequently reviewed the empirical evidence for psychoanalysis and highlighted recent scientific discoveries which support some of the psychoanalytical ideas.

Contrary to what his opponents would like us to believe, Freud tried his best to keep an open mind and was not as dogmatic as has been propagated. He was driven all his life, by what his biographer Jones calls 'a divine

passion of knowledge'. He was fluent in seven languages as well as German. Freud was passionate about English literature, which he read in original.

From an early age Freud had immense self-confidence. He once heard Charcot saying that many nervous disorders can be traced to the 'genital thing'. While others were hesitant to speak about this in public, Freud dared to speak the unspeakable truths about human behaviour. He readily portrayed a gloomy and an unflattering picture of human beings. He asserted that we are driven by sexual and aggressive urges and by thoughts, feelings and wishes that conflict with each other and are concealed from our conscious awareness.

Freud stated that our behaviour was not always determined by us consciously, but by irrational forces outside our conscious awareness and control. For anti-Freudians, the notions that human beings are jealous, envious and rivalrous, and that the trustworthiness of human beings is questionable, are difficult to accept. Jonathan Lear writes that Freud is a deep explorer of the human condition, working in a tradition which goes back to Sophocles, Plato, Saint Augustine, Shakespeare, Proust and Nietzsche. According to these thinkers, there are significant meanings for human well-being which are obscured from immediate awareness (Lear, 1995).

It is true that Freud did not discover the unconscious mind - that glory goes to French psychiatrist Pierre Janet. Before Freud, Goethe and Schiller had alluded to the unconscious mind and looked to it for the roots of creativity. However, Freud was the first person who recognised clearly the mystery and power of the unconscious mind. This is perhaps his most remarkable achievement. He realized that our unconscious mind has secret feelings, wishes and fears. Freud's premise that much of mental life is unconscious has been extensively validated by research in the field of experimental psychology (Westen, 1999).

One important contribution of Freud is the art of listening which is the key skill in psychotherapy and psychiatry. It was Freud who raised the technique of listening to an expert level unexplored in earlier eras (Mohl & Carr, 2015). Another discovery of Freud was that some patients may be ambivalent about getting better and unconsciously (or consciously) oppose attempts to help them (Gabbard, 2007).

Psychodynamic concepts of transference, catharsis and defence mechanisms hold significant relevance. It is a well-established fact that we regularly employ such defences as denial, repression, projection, intellectualization, and rationalization.

Credit also goes to Freud for highlighting the immense importance of sexual impulse. However, the insight so dazzled him that he proceeded to apply it generally and indiscriminately to every field and problem that arose. Religion, art, wit, altruism, they were all 'rationalized manifestations of the sexual impulse'. This is the fundamental criticism of Freud (Wilson, 1972).

Another contribution of Freud is regarding dreams. Widely considered the founder of modern dream analysis, Jonathan Winson, has bridged the fields of psychoanalysis and neurobiology. Winson states that, although

Freud's conclusions were off the mark, his intuition of its existence was correct: "He is right that there is a coherent psychological structure beneath the level of conscious. That's a marvellous insight for which he deserves credit. And he deserves credit too for sensing that dreams are the 'royal road' to the unconscious" (Winson, 1990).

Psychodynamics would involve recognizing that people are not always aware of the reasons for their behaviour that human motivations are to some extent rooted biologically and that they are often driven by unknown motives. However, unlike the previous practice where the complete focus of psychodynamic psychotherapy was on interpretation of unconscious conflict, psychoanalytic therapists now recognize that there are multiple modes of therapeutic action that vary from patient to patient (Gabbard & Westen, 2003).

